**05-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

---------------------------------

Music

---------------------------------

☆ NDA نے وزیر اعظم نریندر مودی کو اتفاق رائے سے اتحاد کا لیڈر منتخب کیا ہے۔

☆ آئی این ڈی آئی اے بلاک نے نئی دلّی میں میٹنگ کی۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 17ویں لوک سبھا کو تحلیل کردیا ہے۔ انھوں نے وزیر اعظم اور مرکزی کابینہ کے وزرا سے کہا ہے کہ وہ اُس وقت تک اپنے عہدے پر رہیں جب تک نئی حکومت تشکیل نہیں ہوجاتی۔

☆ دلّی کی ایک عدالت نے ایکسائز پالیسی کے معاملے میں وزیر اعلیٰ اورند کجریوال کی عبوری ضمانت کو مسترد کردیاہے۔

☆ روہن بوپنّا اور میتھیو ایبڈن کی بھارت-آسٹریلیائی جوڑی فرینچ اوپن کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

☆ آئی سی سی ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ میں بھارت اور آئرلینڈ کے درمیان نیویارک میں میچ جاری ہے۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

### Rev NDA Leaders Meeting

NDA کے لیڈروں نے، وزیراعظم نریندر مودی کو آج اتفاق رائے سے اپنا لیڈر منتخب کیا۔ نئی دلی میں NDA کے لیڈروں کی میٹنگ کے دوران ایک قرارداد منظور کی گئی جس میں کہا گیا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں NDA کے دور حکومت میں، پچھلے دس سال میں ہر شعبے میں ہمہ جہت ترقی ہوئی ہے۔ قرارداد میں یہ بھی کہا گیا کہ ملک کے عوام نے چھ دہائیوں کے بعد لگاتار تیسری مرتبہ قطعی اکثریت کے ساتھ ایک مضبوط قیادت کو منتخب کیا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ لگاتار تیسری مرتبہ حکومت کے لیے یہ تاریخی فیصلہ ہے۔ میٹنگ کے دوران اتفاق رائے سے یہ فیصلہ کیا گیا کہ NDA حکومت ملک کی ہمہ جہت ترقی کے لیے کام کرتی رہے گی۔ NDA کے شریک

لیڈروں نے کہا کہ وکست بھارت کے لیے جناب مودی کا ایک واضح تصور ہے۔ لیڈروں نے دنیا میں بھارت کے وقار کو بڑھانے میں ان کے کردار کی بھی ستائش کی۔ انہوں نے غریبی کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے کی گئی جناب مودی کی کوششوں کی بھی ستائش کی۔ NDA کی یہ میٹنگ نئی دلی میں جناب نریندر مودی کی رہائش گاہ پر ہوئی۔

وزیراعظم نریندر مودی کے علاوہ اِس میٹنگ میں BJP کے صدر جے پی نڈا اور مرکزی وزراء راج ناتھ سنگھ اور امت شاہ بھی موجود تھے۔ اِس میٹنگ میں، تیلگو دیشم پارٹی کے سربراہ این چندرابابو نائیڈو، جنتادل یونائیٹڈ کے سربراہ اور بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار، شیوسینا شنڈے گروپ کے لیڈر اور مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ ایک ناتھ شنڈے، لوک جن شکتی پارٹی رام وِلاس کے سربراہ چراغ پاسوان، اپنا دل کی لیڈر انوپریا پٹیل، RLD کے سربراہ جینت چودھری، JDS کے لیڈر HD کمارا سوامی، ہندوستانی عوامی مورچہ کے سربراہ جیتن رام مانجھی، جن سینا پارٹی کے لیڈر پون کلیان اور NDA کی اتحادی پارٹیوں کے دیگر لیڈر موجود تھے۔x

## New Government Formation

سیاسی پارٹیوں نے 2024 کے لوک سبھا انتخابات کے نتائج کے اعلان کے بعد سرکار کی تشکیل دینے کیلئے اپنی کوششیں تیز کردی ہیں۔ BJP کی زیر قیادت NDA نے 292 سیٹوں پر جیت حاصل کرکے عام انتخابات میں قطعی اکثریت حاصل کی ہے۔ لوک سبھا کی تمام 543 نشستوں کے نتائج کا اعلان کردیا گیا ہے۔ اکیلے BJP نے ہی 240 سیٹیں حاصل کی ہیں۔ تیلگودیشم پارٹی نے 16 سیٹیں جبکہ JDU نے 12 سیٹوں پر جیت حاصل کی ہے۔ آئی این ڈی آئی اے بلاک نے 233 نشستیں حاصل کی ہیں۔ دیگر نے پارلیمنٹ کے ایوانِ زیریں میں 18 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی ہے۔ کانگریس کو 99 سیٹیں ملی ہیں، سماجوادی پارٹی کو 37 سیٹیں جبکہ ترنمول کانگریس کو 29 سیٹیں ملی ہیں۔ DMK نے 22 سیٹوں پر جیت حاصل کی ہے۔

JDU نے آج کہا کہ وہ نریندر مودی کے زیر قیادت NDA اتحاد کی مکمل طور پر حمایت کرتی ہے۔ یہ پوچھے جانے پر کہ آیا کسی وجہ سے پارٹی اپنی حمایت تبدیل کرسکتی ہے، پارٹی کے ترجمان کے سی تیاگی نے کہا کہ آئی این ڈی آئی اے بلاک سے JDU کے علاحدہ ہونے کی وجہ ابھی تک موجود ہے اور واپس جانے کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ LJP (رام ولاس) کے سربراہ چراغ پاسوان بھی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ تیلگودیشم پارٹی TDP کے سربراہ چندربابو نائیڈو نے بھی NDA کی میٹنگ میں شرکت کیلئے دلّی روانہ ہونے سے قبل، آج صبح آندھراپردیش کے امراوتی میں اپنی رہائش گاہ پر ایک پریس کانفرنس کی۔ جناب نائیڈو نے TDP کو تاریخی فتح دلانے کیلئے ریاست کے عوام کا شکریہ ادا کیا۔

انھوں نے اعادہ کیا کہ یہ جیت، TDP، جنتا سینا اور BJP کی مشترکہ کاوش ہے۔ اسی دوران، آئی این ڈی آئی اے بلاک کی بھی آج شام قومی راجدھانی میں میٹنگ ہونا ہے۔x

## India Block Meet

آئی۔این۔ڈی۔آئی۔اے بلاک میں شریک پارٹیوں نے آج نئی دلی میں میٹنگ کی تاکہ مرکز میں حکومت کی

تشکیل کے متعلق اپنی حکمت عملی طے کرسکیں۔ یہ میٹنگ کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے کی نئی دلی میں واقع رہائش گاہ پر ہوئی۔ میٹنگ کے دوران کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے نے کہا کہ عوام کا فیصلہ وزیراعظم نریندر مودی کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک بہت بڑی سیاسی شکست اور جناب مودی کی اخلاقی ہار ہے۔ جناب کھڑگے نے کہا کہ آئی۔این۔ڈی۔آئی۔اے اتحاد اُن تمام پارٹیوں کا خیرمقدم کرتا ہے جو ہمارے آئین کی تمہید میں بیان کردہ اقدار کے تئیں بنیادی طور پر پابندِ عہد ہونے میں شریک ہیں۔

اس میٹنگ میں کانگریس لیڈر سونیا گاندھی، راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی، JMM کی کلپنا سورین، عاپ کے سنجے سنگھ، سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو، RJD کے تیجسوی یادو، CPIM کے لیڈر سیتارام یچوری، CPI کے لیڈر D Raja ، NCPSP کے سربراہ شرد پوار، DMK کے سربراہ ایم کے اسٹالین اور جھارکھنڈ کے وزیراعلیٰ چمپئی سورین اور دیگر لیڈر موجود تھے۔x

## Lok Sabha Dissolution

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج 17ویں لوک سبھا کو تحلیل کردیا ہے۔ مرکزی کابینہ نے آج سہ پہر منعقدہ اپنی میٹنگ میں صدر جمہوریہ کو تجویز پیش کی کہ وہ فوری طور پر 17ویں لوک سبھا کو تحلیل کردیں۔ اس سے قبل، وزیر اعظم نریندر مودی نے راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ سے آج ملاقات کی اور مرکزی کابینہ کے وزرا کے ساتھ اپنا استعفیٰ اُنھیں پیش کیا۔ صدر جمہوریہ نے ان کا استعفیٰ قبول کرلیا اور وزیراعظم اور مرکزی کابینہ کے وزرا سے کہا کہ وہ اُس وقت تک اپنے عہدے پر کام کرتے رہیں جب تک کہ نئی حکومت تشکیل نہیں ہوتی۔x

## Maharashtra Fadnavis

BJP کے سینئر لیڈر اور مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ دویندر فڈنویس نے ریاست میں پارٹی کی غیراطمینان بخش کارکردگی کی پوری ذمہ داری لی ہے۔ انہوں نے نائب وزیراعلیٰ کے عہدے سے استعفیٰ دینے کی پیشکش کی ہے اور کہا ہے کہ اگر مرکزی قیادت اجازت دیتی ہے تو وہ اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ استعفیٰ کے بعد وہ اپنے وقت کو ریاست میں آنے والے اسمبلی انتخابات کے لیے انتخابی مہم میں صرف کرسکیں گے۔

ریاستی کی BJP قیادت نے دویندر فڈنویس کی پوری حمایت کی ہے اور اُسے مرکزی قیادت کے فیصلے کا انتظار ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Jeevan Bhawasar

شکست کی وجوہات بتاتے ہوئے دویندر فڈنویس نے کہا کہ ہم آئین میں تبدیلی کے بیانیے کا پورے طور پر مقابلہ نہیں کر پائے۔ کسانوں کی ناراضگی، مراٹھا ریزرویشن، حکومت مخالف لہر اور دیگر پارٹیوں کے ساتھ تال میل کی کمی غیراطمینان بخش کارکردگی کی دیگر وجوہات ہیں۔ ریاست میں BJP کے ووٹ کی حصے داری کا تجزیہ کرتے ہوئے دویندر فڈنویس نے کہا کہ 2019 میں پارٹی کو تقریباً 28 فیصد ووٹ ملے تھے جبکہ 2024 میں پارٹی کے ووٹ کی

حصے داری 26 فیصد سے زیادہ ہے۔ 2019 میں، BJP ، 23 پارلیمانی سیٹوں پر کامیاب ہوئی تھی جبکہ 2024 میں اُس نے 9 سیٹیں جیتی ہیں۔

مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ ایک ناتھ شنڈے نے کہا کہ غیراطمینان بخش کارکردگی تمام مہایوتی پارٹیوں کی اجتماعی ذمہ داری ہے لیکن ہم اِس کارکردگی سے مایوس نہیں ہوں گے۔

انہوں نے اِس بات کا بھی یقین دلایا کہ وہ فڈنویس کے فیصلے کے بارے میں اُن سے بات چیت کریں گے۔ آکاشوانی نیوز ممبئی سے جیون بھاؤسار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں شمیم احمد۔

## Odisha CM with VC

اڈیشہ میں بی جے پی نے اسمبلی انتخابات میں واضح اکثریت حاصل کرلی ہے، جس کے ساتھ نوین پٹنا یک والی BJD حکومت کا 24 سال سے زیادہ کی مدت کا دورختم کردیا ہے۔ چناؤ میں BJD کے ہارنے کے بعد لمبے عرصے تک اڈیشہ کے وزیر اعلیٰ رہ چکے نوین پٹنا یک نے آج بھونیشور میں گورنر رگھوبر داس کو اپنا استعفیٰ سونپ دیا ہے۔ اڈیشہ کے 147 اسمبلی سیٹوں میں بی جے پی نے 78 سیٹ حاصل کی جبکہ BJD کو 51 سیٹیں ملی ہیں۔ BJD ایوان میں 74 سیٹوں سے کم حاصل کرکے اکثریت حاصل کرنے میں ناکام رہی۔

پیش ہے ایک رپورٹ..................

## VC Prakash Dash

ریاست کے اسمبلی انتخابات میں BJP کی جیت کے بعد سیاسی سرگرمیاں شروع ہوگئی ہیں جہاں پارٹی نے 147 سیٹوں میں سے 78 پر جیت حاصل کی ہے۔ اڈیشہ کے وزیراعلیٰ نوین پٹنا یک نے اپنی پارٹی، بیجو جنتا دل کی انتخابات میں شکست کے بعد آج صبح گورنر رگھوبرداس کو اپنا استعفیٰ دے دیا۔ اپنا استعفیٰ پیش کرنے کے بعد انھوں نے اِس شکست کی وجہ جاننے کیلئے اپنی رہائش گاہ پر اپنی پارٹی کے ارکانِ قانون ساز اسمبلی کے ساتھ میٹنگ کی۔ دوسری جانب ریاستی سرکار کی تشکیل سے متعلق بھوبنیشور میں BJP کے مختلف ریاستی لیڈر میٹنگیں کر رہے ہیں۔ وہ BJP کے پہلے وزیراعلیٰ امیدوار کا نام طے کرنے کیلئے بھی میٹنگیں کر رہے ہیں۔ پارٹی کے حلقے میں بہت سے لیڈروں کے نام پر تبادلہ خیال کیا جارہا ہے۔

ان میں سابق مرکزی وزیر اور چھ مرتبہ کے رکن پارلیمنٹ Jual Oram، قومی نائب صدر Baijayant Panda اور مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان کو وزیر اعلیٰ کے عہدے کا امکانی امیدوار سمجھا جارہا ہے۔ البتہ یہ تمام لیڈر لوک سبھا انتخابات میں جیت حاصل کرچکے ہیں۔ جناب Oram نے کہا کہ وہ وزیر اعلیٰ نہیں بننا چاہتے لیکن اگر انہیں ذمہ داری دی گئی تو وہ ایمانداری سے اپنے فرائض انجام دیں گے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ پارٹی میں بہت سے باصلاحیت لیڈر موجود ہیں۔ خبر ہے کہ اس اہم عہدے کیلئے بہت سے BJP کے سینئر رکن قانون ساز اسمبلی بھی میدان میں ہیں۔ اس بات کا امکان ہے کہ BJP کسی اور شخصیت کے نام کا اعلان وزیر اعلیٰ کے امیدوار کے طور پر کرسکتی ہے۔اڈیشہ سے ہمارے نمائندے پرکاش داش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

## Kejriwal Bail Reject

دلّی کی ایک عدالت نے آج مبینہ آبکاری پالیسی سے متعلق گھپلے میں دلّی کے وزیر اروند کجریوال کو عبوری ضمانت دینے سے انکار کردیا۔ راؤز ایوینو عدالت کی خصوصی جج کاویری بویجا نے، طبی بنیادوں پر سات دن کیلئے عبوری ضمانت کیلئے کجریوال کی عذرداری کو مسترد کردیا۔ عدالت نے تہاڑ جیل کے حکام کو ہدایت کی کہ وہ کجریوال کی عدالتی تحویل کے دوران اُن کی طبی ضروریات کا خیال رکھیں۔ ضمانت کیلئے اُن کی دوسری عذرداری پر 7 جون کو سماعت ہوگی۔x

## DoT Istartups

مواصلات کے محکمے DoT نے، صنعت 4.0 تبدیلی میں اسٹارٹ اپس کے ساتھ ساتھ، بہت چھوٹی، چھوٹی اور درمیانے درجے کی صنعتوں MSMEs کو مدد دینے کیلئے ایک پہل کا آغاز کیا ہے۔ اس نے MSMEs' کے مابین صنعت 4.0 بیس لائن سروے' کیلئے ایسی تجاویز فراہم کرنے پر زور دیا ہے جو ڈیجیٹل تبدیلی کی پرورش کے وسیع تر نظریے اور 5G اور 6G کی پیشرفت کیلئے صنعتوں کو تیار کرنے کے مطابق ہوں۔ یہ سروے بھارت کے شمالی اور جنوبی حصوں میں سے ہر ایک میں پانچ شعبوں کا احاطہ کرے گا۔ محکمے نے کہا کہ کلیدی سفارشات، صنعت 4.0 کی تبدیلی کو اختیار کرنے کے مقصد کو حاصل کرنے کے تئیں پالیسی مداخلت کیلئے پلیٹ فارم تشکیل دیں گی۔ تنظیموں اور اسٹارٹ اپس کو اس سروے میں شرکت کرنے کیلئے 11 جون تک تجاویز فراہم کرنے کی دعوت دی گئی ہے۔x

## IIT Bombay

انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹکنالوجی بامبے، IIT بامبے کو اِس برس Quacquarelli Symonds (QS) عالمی یونیورسٹی کی درجہ بندی میں پہلے بھارتی انسٹی ٹیوٹ کے درجے پر رکھا گیا ہے۔ پہلی مرتبہ IITB کو بہترین 125 اداروں میں شامل کیا گیا ہے اور اُس کا مقام 118 پر ہے۔ اُس نے سو میں سے 56 اعشاریہ تین پوائنٹ حاصل کیے ہیں۔ ادارے نے پچھلے برس کے 149ویں درجے سے ایک بڑی جست لگا کر یہ مقام حاصل کیا ہے۔ کل جاری کیے گئے نتائج سے اِس برس 31 مقام کی قابل ذکر برتری کا اظہار ہوتا ہے۔ مختلف طریقۂ کار کے درمیان IIT بامبے نے، آجروں کے وقار کے اعتبار سے سب سے زیادہ پوائنٹ حاصل کیے ہیں اور عالمی سطح پر اِس اعتبار سے وہ 63ویں درجے پر ہے۔ ادارے کے ڈائریکٹر پروفیسر Shireesh Kedare نے اِس درجہ بندی کے لیے اساتذہ، طلبا اور عملے کی اجتماعی کوششوں کو قابل ستائش قرار دیا اور اِس میں مزید بہتری کے عزم کا اظہار کیا۔x

## IMD Weather

شمال مشرقی خطے، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں آئندہ سات دنوں کے دوران بڑے پیمانے پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانے درجے کی بارش کا امکان ہے۔ بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے بتایا کہ جموں کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی آئندہ تین سے چار دنوں کے دوران اس طرح کی

صورتحال رہے گی۔ محکمۂ موسمیات نے بتایا کہ پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی، اترپردیش اور راجستھان میں آئندہ دو سے تین دنوں میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش اور دھول بھری آندھی چلنے کا امکان ہے۔

اسی دوران، مدھیہ پردیش، اترپردیش، جھارکھنڈ، پنجاب، ہریانہ، راجستھان اور اُڈیشہ میں آئندہ تین چار دنوں میں گرم لہر کی صورتحال برقرار رہے گی۔

جنوب مغربی مانسون کے بارے میں محکمۂ موسمیات نے بتایا کہ وسطی بحیرۂ عرب، کرناٹک کے باقی ماندہ علاقوں، جنوبی مہاراشٹر کے کچھ حصوں تلنگانہ کے کچھ اور علاقوں، ساحلی آندھرا پردیش، جنوبی چھتیس گڑھ اور جنوبی اڈیشہ، وسط مغربی اور شمال مغربی خلیج بنگال میں آئندہ تین سے چار دنوں کے اندر مانسون کی مزید پیش رفت کے لیے حالات سازگار ہیں۔×

## Tennis Bopanna

ٹینس میں روہن بوپنّا اور میتھیو ایبڈن کی دوسرے درجے کی بھارت-آسٹریلیائی جوڑی مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں آج بیلجیئم کی Sander اور Joran کی جوڑی کو ہرا کر فرینچ اوپن کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ بھارت-آسٹریلیائی جوڑی نے سات-چھ، پانچ-سات اور چھ-ایک سے میچ جیتا۔ بوپنا اور ایبڈن کی جوڑی کو یہ میچ جیتنے کے لیے ایک گھنٹہ 40 منٹ لگے۔×

## Cricket

ICC ٹی-ٹوئینٹی عالمی کپ میں بھارت اور آئرلینڈ کے درمیان گروپ سطح کا میچ نیویارک کے Nassau County بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں جاری ہے۔ آئرلینڈ نے بھارت کو جیت کیلئے 97 رن کا نشانہ دیا ہے۔ اس سے قبل بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا۔ آئرلینڈ کی پوری ٹیم 16اوور میں 96 رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

بھارت کا دوسرا گروپ سطح کا میچ اِس ماہ کی 9 تاریخ کو پاکستان سے ہوگا۔ 12 جون کو وہ ساتھی میزبان امریکہ سے مقابلہ کرے گا۔ یہ دونوں ہی میچ نیویارک میں ہوں گے۔ اس کے بعد ٹیم انڈیا اِس ماہ کی 15 تاریخ کو کنیڈا کے ساتھ میچ کھیلنے کے لیے فلوریڈا جائے گی۔ ×

☆☆☆☆☆☆☆